پھول والوں کی سیر از جناب مرزا فرحت اللہ بیگ صاحب دہلوی تقطیع خورد طباعت کتابت اور کاغذ عمدہ ضخامت ۴۵ صفحے۔ قیمت درج نہیں۔ پتہ:۔ کتب خانہ علم و ادب اُردو بازار جامع مسجد دہلی

اردو کے مشہور جادو نگار ادیب مرزا فرحت اللہ بیگ دہلوی کا یہ مضمون غالباً سب سے پہلے نگار لکھنؤ کے کسی خاص نمبر میں شائع ہوا تھا۔ اب کتب خانہ علم و ادب نے اس کو ایک مستقل کتابی شکل میں بڑے اہتمام سے شائع کیا ہے۔ مضمون کی عمدگی، فصاحت و بلاغت اور طرز بیان کی لطافت و خوبی کے لیے مرزا صاحب کا نام ہی کافی ضمانت ہے۔ دراصل یہ اُردو ادب کے وہ شہ پارے ہیں جو کسی قیمت پر بھی گراں نہیں۔

سیاسیات کی پہلی کتاب از پروفیسر محمد عاقل صاحب ایم اے تقطیع چھوٹی۔ کتابت طباعت عمدہ اور کاغذ متوسط قیمت ۱۲؍ پتہ:۔ مکتبۂ جامعہ ملیہ دہلی، نئی دہلی، لاہور و لکھنؤ۔

اس کتاب میں سیاسیات کے مبادیات کو آسان اور عام فہم زبان میں سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے۔ لائق مصنف خود معاشیات کے ایم اے اور اُستاذ ہیں اور پھر اُنھوں نے اس کی ترتیب میں بہت کچھ پروفیسر محمد حبیب علیگڈھ کے لکچروں سے بھی استفادہ کیا ہے۔ اس بنا پر کتاب اپنے موضوع پر بڑی حد تک کامیاب ہے۔ کتاب تین ابواب پر منقسم ہے۔ پہلے باب میں ریاست کی تعریف، دوسرے میں ریاست کی ابتدا کے بارہ میں نظریے اور تیسرے باب میں ریاست کے اقتدار اعلیٰ اور افراد کی آزادی پر بحث ہے۔ اُردو زبان کو ایسی پُراز معلومات کتابوں کی بڑی ضرورت ہے۔ اُردو خواں طبقہ کو اس کی قدر کرنی چاہیے۔

علماءِ ہند کی شاندار ماضی حصہ اول، دوم، سوم، چہارم، پنجم از مولانا سید محمد میاں صاحب دیوبندی ضخامت حصہ اوّل ۱۷۱، حصہ دوم ۱۸۴ حصہ سوم ۲۷۲ حصہ چہارم ۱۰۰، حصہ پنجم ۲۲۴ صفحات کتابت طباعت اور کاغذ متوسط۔ قیمت مکمل سٹ کی ۷ ؍ پتہ:۔ کتب خانہ فخریہ شاہی کمپنی امروہیہ گیٹ مرادآباد